# پابندیوں کے ساتھ ہسپتال کے حکمنامہ کے ذریعہ ہسپتال میں داخلہ

(مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کی دفعہ 37 اور 41)

| | |
|---|---|
| 1. مریض کا نام | |
| 2. آپ کے معالجہ کے ذمہ دار شخص (آپ کے "ذمہ دار معالج") کا نام | |
| 3. ہسپتال اور وارڈ کا نام | |
| 4. آپ کے ہسپتال کے حکمنامہ کی تاریخ | |

## میں ہسپتال میں کیوں ہوں؟

آپ کو ہسپتال کے حکمنامہ کے بموجب اس ہسپتال میں رکھا جا رہا ہے۔ عدالت نے کہا ہے کہ آپ کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ (دماغی صحت سے متعلق ایکٹ) 1983 کی دفعہ 37 کے تحت یہاں رکھا جاسکتا ہے۔

اس کو "ہسپتال کا حکمنامہ" کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ دو ڈاکٹروں نے عدالت کے سامنے کہا ہے کہ ان کے خیال میں آپ دماغی اختلال میں مبتلا ہیں اور آپ کو ہسپتال میں رکھے جانے کی ضرورت ہے۔

عوامی تحفظ کی وجوہات کے چلتے، عدالت نے آپ پر مینٹل ہیلتھ ایکٹ کی دفعہ 41 کے تحت پابندی کا ایک حکمنامہ بھی صادر کیا ہے۔

## پابندی کا حکمنامہ کیا ہے؟

پابندی کا حکمنامہ کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ہسپتال سے اس وقت تک رخصت نہیں دی جاسکتی ہے جب تک کہ وزیر مملکت برائے انصاف یا ٹریبیونل یہ نہ کہہ دے کہ آپ چھوڑ کر جاسکتے ہیں، اور آپ کو رخصت دینا کچھ ایسی شرائط کے ساتھ مشروط ہوسکتا ہے جو وقت قریب ترآنے پر آپ کو بتا دیا جائے گا۔ ہسپتال میں آپ کے رہتے ہوئے، آپ کی نگہداشت کے ذمہ دار شخص (آپ کے ذمہ دار معالج) کو وزیر مملکت کی رضامندی ضرور لینی چاہئے اس کے بعد ہی آپ عارضی رخصت پر جاسکتے ہیں یا آپ کو کسی اور ہسپتال میں بھیجا جاسکتا ہے۔ انہیں کم از کم ایک سال پر آپ کا معائنہ بھی کرنا چاہئے اور آپ کے بارے میں ایک رپورٹ وزیر مملکت کو بھیجنی چاہئے۔

